سوال

قربانی

جواب

جواب : حجام کی کمائی سے قربانی کے حصوں میں شامل ہونا حجام کی کمائی میں اگر صرف داڑھی کاٹنے کے اجرت ہے توچونکہ یہ کام حرام ہے لہذااس کی کمائی بھی حرام تصور ہوگی جبکہ صورت حال یہ ہے کہ حجام کے پاس اور بہت سے کام ہوتے ہیں جس میں داڑھی کٹوانا ، بال کٹوانا اور حمام میں غسل وغیرہ تواس کمائی میں یہ سب کاموں کی اجرت شامل ہوتی ہے لہذا اس کمائی کو100 فیصد حرام سمجھنا غلط ہوگا۔ اس صورت میں حجام کو قربانی کے حصوں میں شامل کیا جاسکتا ہے اوراس کی شمولیت سے دوسرے حصوں کی قبولیت پر کوئی اثر نہیں پڑتا اور ویسے بھی سب حصے داروں کی قربانی کا معاملہ اللہ کے ساتھ ہے نہ کہ دوسرے حصہ داروں کے اعمال کے ساتھ ہر حصہ دار اپنی قربانی کے قبولیت اور عدم قبولیت کے افعال کا خود ذمہ دار ہے نہ کہ دوسرا۔ لہذا دوسرے حصوں پر اسکا کچھ اثر نہیں ان شاء اللہ۔